**24-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام کے دو علاقوں کے 58 پارلیمانی حلقوں میں کل ووٹنگ ہوگی۔

☆ عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما حمایت حاصل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت دینے سے انکار کر دیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے ہر مرحلے کی پولنگ کے بعد ہر بُوتھ پر ہونے والی پولنگ کا تناسب کا انکشاف کرے۔

☆ خلیجِ بنگال میں، اُبھرتا ہوا Remal سمندری طوفان اتوار تک ایک شدید سمندری طوفان کی شکل میں مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کو متاثر کرے گا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، چینئی میں سن رائزر حیدرآباد اور راجستھان رائلز کے درمیان دوسرا کوالیفائر میچ کھیلا جا رہا ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**LS Election Sixth Phase**

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 58 پارلیمانی حلقوں میں کل ہونے والی ووٹنگ کی تمام تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ اس مرحلے میں بہار کے 8، ہریانہ کے سبھی 10 ، جھارکھنڈ کے 4، دلّی کے تمام 7، اُڈیشہ کے 6 ، اترپردیش کے 14، مغربی بنگال کے 8 اور جموں و کشمیر کے ایک پارلیمانی حلقے میں ووٹنگ ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی اُڈیشہ ریاستی اسمبلی کے 42 اسمبلی حلقوں میں بھی پولنگ ہوگی۔ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی۔

BJP کے لیڈر دھرمیندر پردھان، مینکا گاندھی، منوہر لال کھٹّر، سمبِت پاترا، بانسوری سوراج اور منوج تیواری

اور کانگریس کے لیڈر دپیندر سنگھ ہڈا، کماری سیلجا، راج ببّر اور کنہیا کمار کے ساتھ ساتھ سماج وادی پارٹی لیڈر دھرمیندر یادو اور PDP سربراہ محبوبہ مفتی سمیت اہم سیاسی رہنماؤں کی قسمت کا فیصلہ EVM میں بند ہو جائے گا۔ تقریباً 11 لاکھ 40 ہزار پولنگ اہلکار، ایک لاکھ چودہ ہزار پولنگ مراکز پر 11 کروڑ 13 لاکھ ووٹروں کا استقبال کریں گے۔

الیکشن کمیشن نے اِن علاقوں میں آزادانہ اور شفاف ووٹنگ کو یقینی بنانے کے لیے مناسب انتظام کیا ہے۔

چھٹے مرحلے سے پہلے میڈیا سے بات کرتے ہوئے چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار نے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ جمہوریت کے تہوار میں شرکت کریں۔

SB/ 2100- Rajiv Kumar CEC of India

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ انتخابی کمیشن نے دلّی، گڑگاؤں اور فریدآباد جیسے شہری علاقوں کے ووٹروں کو خاص طور پر یادہانی کرائی ہے کہ وہ اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں اور شہر کے عوام کی طرف سے کم ووٹنگ کے رجحان کو ختم کریں۔×

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے کوئی بھی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

اس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقے میں یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے کانگریس پارٹی پر پاکستان کی زبان بولنے کا الزام لگایا ہے۔ آج پنجاب کے گرداس پور ضلعے کے دینا نگر میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے، بلاک ملک کی سلامتی کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے کیونکہ کانگریس پارٹی کا ایجنڈا جموں وکشمیر میں دفعہ 370 کو دوبارہ لاگو کرنا اور وہاں دہشت گردی کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ آج کانگریس اور عام آدمی پارٹی، ملک کی عوام کے آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کر رہی ہے۔

S/B 2100 PM on INDI Alliance

بعد میں انھوں نے جالندھر میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ اس سے قبل دن میں وزیر اعظم نے شملہ اور منڈی پارلیمانی حلقوں میں دو انتخابی ریلیاں کیں۔

کانگریس جنرل سکریٹری سچن پائلٹ نے آج پنجاب کے سری آنند پور صاحب حلقے میں پارٹی امیدوار کیلئے انتخابی مہم کی۔ Nurpur Bedi نے ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ کہتے ہوئے مرکزی حکومت کی تنقید کی کہ مرکز میں BJP نے آئینی اداروں کو کمزور کیا ہے اور صنعتکاروں کو امیر بنا کر، عام آدمی کو غریب سے غریب تر بنا دیا ہے۔

S/B 2100 Sachin Pilot

بہوجن سماج پارٹی کی قومی صدر مایاوتی نے پنجاب کے نواں شہر قصبے میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی حکومت پر نشانہ سادھا۔ انھوں نے کہا کہ آج کسان بہت افسردہ اور مصیبت میں ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ مودی حکومت مرکزی اداروں کی نج کاری کر رہی ہے جوکہ جمہوریت کے خلاف ہے۔

سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے آج بہار اور جھارکھنڈ میں ریلیاں کیں۔RJD، کانگریس اور بائیں بازوں کی پارٹیوں کےعظیم اتحاد کے لیڈر بھی اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں کر رہے ہیں۔x

## Delhi Poll Preparation

دلّی کے چیف انتخابی افسر پی کرشنا مورتی نے تمام اہل ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ کل لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں بڑی تعداد میں ووٹنگ میں حصہ لیں۔ انہوں نے آج نئی دلّی علاقے کے دو پولنگ مراکز کا دورہ کیا اور تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ جناب کرشنا مورتی نے سبھی ووٹروں کو کہا ہے کہ وہ اس گرم موسم کے باوجود اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں۔ سخت گرمی کے باوجود ووٹروں کو آرام اور سکون کے ساتھ ووٹنگ کرنے کو یقینی بنانے کے لیے تمام پولنگ مراکز پر جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ تمام پولنگ مراکز پر سائے کا انتظام کیا گیا ہے اور ووٹنگ کی جگہوں کو پوری طرح Cover کیا گیا ہے۔ گرمی سے بچنے کے لیے کولر اور پنکھے لگائے گئے ہیں۔

دلّی انتخابات میں پہلی مرتبہ تمام پولنگ مراکز پر میڈیکل کِٹ کے ساتھ طبّی اسٹاف تعینات کیے جائیں گے۔ رضاکار بزرگ ووٹروں کی مدد کریں گے اور معذور ووٹروں کے لیے ووٹنگ کو آسان بنانے کی غرض سے اشاراتی زبان کے ماہرین موجود ہوں گے۔x

## SC ECI

آج سپریم کورٹ نے، جاری لوک سبھا انتخابات کیلئے پولنگ کے ہر مرحلے کے بعد اپنی سرکاری ویب سائٹ پر ووٹر کے ٹرن آوٹ کے تصدیق شدہ ریکارڈ کو ظاہر کرنے کیلئے بھارت کے انتخابی کمیشن کو کسی طرح کی عبوری ہدایت جاری کرنے سے انکار کردیا۔ گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد اس معاملے کو سماعت کیلئے رکھتے ہوئے، جسٹس Dipankar Dutta اور جسٹس ایس سی سرما کی ایک بینچ نے کہا کہ اس مرحلے پر عبوری ہدایات جاری کرنا، عذرداریوں میں حتمی راحت فراہم کرنے کے مترادف ہوگا نیز یہ کہ جب انتخابی عمل شروع ہوجاتا ہے تو خبردار کرنے کے نقطۂ نظر کو ترجیح دینی چاہئے۔ انتخابی ادارے نے عدالت عظمیٰ کو یہ بتایا تھا کہ تمام پولنگ اسٹیشنوں پر ریکارڈ شدہ ووٹوں کی تعداد کی مجاز اسکین شدہ نقلوں کو ظاہر کرنا، انتخابی مشینری میں ہنگامہ پیدا کرسکتا ہے۔

بھارت کے انتخابی کمیشن نے اپنے حلف نامے میں کہا کہ انتخابی مدت کے خاتمے پر کسی بھی طرح کی تبدیلی، انتخابی عمل میں مشکلات اور تذبذب کا باعث ہوسکتی ہے کیونکہ پولنگ عملے کیلئے اس مرحلے پر باقاعدہ تربیت فراہم کرنے کا وقت نہیں بچا ہے، جو کہ انتخابات کے آخری دو مرحلوں کیلئے اپنی ڈیوٹی پر ہیں۔ گذشتہ ہفتے بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کے زیر قیادت ایک بینچ نے اُس عذرداری کا جواب دینے کیلئے بھارت کے انتخابی کمیشن کو ایک ہفتے کا وقت دیا تھا، جس میں پولنگ پوری ہونے کے 48 گھنٹے اندر اندر ڈالے گئے ووٹوں کیلئے تصدیق شدہ اعداد وشمار

کے ساتھ، تمام پولنگ اسٹیشنوں کے فارم 17 سی حصہ اوّل (ریکارڈ شدہ ووٹوں کی تعداد) کی اسکین شدہ مجاز کاپیوں کو، اپنی سرکاری ویب سائٹ پر ظاہر کرنے کیلئے ہدایت جاری کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔
عذرداری میں یہ بھی مطالبہ کیا گیا تھا کہ بھارت کے انتخابی کمیشن کو، جاری عام انتخابات کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کو مکمل تعداد اور فیصد کے ساتھ پولنگ اسٹیشن وار اور حلقوں کی تفصیلات فراہم کرنی چاہیئے۔x

## Cyclon WB

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD کے مطابق بنگال کی کھاڑی میں ابھرتا ہوا سمندری طوفان، توقع ہے کہ اتوار 26 مئی کو ایک شدید سمندری طوفان کی شکل میں مغربی بنگال اور پڑوسی بنگلہ دیش کے ساحلوں کو متاثر کرے گا۔ IMD نے کہا کہ امکان ہے کہ یہ سمندری طوفان 26 مئی کی صبح کو 110 سے 120 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحلوں تک پہنچے گا جس میں اس کی رفتار 135 کلو میٹر فی گھنٹہ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ اس کی شدت 27 مئی کی صبح تک تقریباً 24 گھنٹے رہے گی جس کے بعد اِس کی شدت میں کمی آجائے گی۔ IMD نے کولکتہ، ہاوڑہ، نادیا، جرگام، شمالی 24 پرگنہ، جنوبی 24 پرگنہ اور پوربی میدنی پور اضلاع میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔Remal نامی سمندری طوفان، ریاست میں 25 مئی کو ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں آٹھ سیٹوں پر ووٹنگ کے دن آنے کی توقع ہے۔ اس طوفان کے مدنظر انتخابی کمیشن نے تمام پولنگ اسٹیشنوں پر تمام احتیاطی تدابیر کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کو خبردار کیا ہے۔x

## Bengal Cyclone

مغربی بنگال کے 24 پرگنہ ضلع کے ساگر دیپ سے 660 کلو میٹر دور خلیج بنگال میں دباؤ کی پٹی بنی ہوئی ہے۔

VC

علی پور دفتر مسمیات نے بتایا کہ خلیج بنگال میں تیار ہوئی دباؤ کی پٹّی ساگر دیپ سے 660 کلو میٹر اور مغربی بنگال کے جنوبی 24 پرگنہ ضلع سے 700 کلو میٹر دور مرکوز ہے۔
دباؤ کی پٹی کل تک طوفان میں بدل جائے گی اور 25 مئی کی رات تک اس کے شدید سمندری طوفان میں تبدیل ہو جانے کا امکان ہے۔یہ سمندری طوفان 26 مئی کی رات کو بنگلہ دیش کے ک

## IMD

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے 5 دنوں کے دوران پنجاب، ہریانہ، راجستھان، گجرات اور مغربی مدھیہ پردیش میں گرمی کی سخت لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر-کے جینا مَنی نے کہا کہ اِن علاقے کے لوگوں کو سخت گرمی سے راحت نہیں ملے گی، کیونکہ اِن خطوں پر سمندری طوفان کے گرد آب کا کوئی اشارہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ درجۂ حرارت 44 ڈگری سے 48 ڈگری

سیلسیس تک رہنے کا امکان ہے۔ اس کے پیش نظر ایجنسی نے اِن علاقوں کے لیے ریڈ اور اورینج الرٹ بھی جاری کیا ہے۔اسی دوران، کل شام سے کیرالہ کے مختلف حصوں میں لگاتار بارش ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ IMD نے اِرناکولم اور تھریسور اضلاع کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ایجنسی نے وائیناڈ، ایڈوکی اور Pathanamthitta پہاڑی اضلاع سمیت 8 ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔x

## DD Kisan AI Anchors

دور درشن کسان (DD Kisan)، دو اے آئی اینکرس لانچ کرنے والا ملک کا پہلا سرکاری ٹی وی چینل بننے جارہا ہے۔ اِن اینکرس کے نام ہیں اے آئی کرش اور اے آئی بھومی۔ وزارت زراعت نے بتایا کہ ڈی ڈی کسان، 26 مئی کو بھارت کے کسانوں کے مابین ایک نئی شکل اور نئے انداز میں آرہا ہے جہاں چینل کی پریزنٹیشن ایک نئے انداز میں ہونے جارہی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ اے آئی اینکرس پچاس زبانیں بول سکتے ہیں اور بنا تھکے ہوئے 24 گھنٹے نیز 365 دن خبریں پڑھ سکتے ہیں۔ ناظرین اِن اینکرس کو ملک کی تمام ریاستوں میں دیکھ سکیں گے۔ یہ اے آئی اینکرس، ملک میں اور عالمی سطح پر زراعتی تحقیق کے بارے میں ضروری معلومات، کرشی منڈیوں کے رجحانات، موسمیاتی تبدیلیوں نیز سرکاری اسکیموں کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کریں گے۔x

## J&K Section 144

جموں وکشمیر میں، انتخابی عمل میں سرکاری ملازمین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے، سرحدی ضلع پنچھ کے ضلع مجسٹریٹ نے تمام سرکاری ملازمین کیلئے کُل تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ البتہ پولنگ کے اسٹاف کیلئے کوئی چھٹی نہیں ہوگی۔ ضلع مجسٹریٹ نے اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے کے عام انتخابات کے مدنظر، 23 سے 25 مئی تک ضلع میں شراب بندی کا بھی اعلان کیا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے، سورن کوٹ، پنچھ-حویلی اور مینڈھر سمیت پنچھ ضلع کے تین اسمبلی حلقوں میں تمام منتخب پولنگ اسٹیشنوں کو ''سگریٹ نوشی ممنوعہ زونز'' قرار دیا ہے۔ اِسی دوران، اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں عام انتخابات کے پُرامن اور خلل سے پاک انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے، ضلع مجسٹریٹ نے دفعہ 144 کے تحت احتیاطی پابندیاں بھی عائد کردی ہیں۔x

## J&K Security Forecs

جموں وکشمیر میں، Bein-Lalachak سرحدی علاقے میں مشتبہ نقل وحرکت کی خبروں کے بعد، سکیورٹی فورسز نے آج سامبا ضلع میں بین الاقوامی سرحد کے ساتھ بہت سے گاؤوں میں تلاشی کی کارروائیاں کیں۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ کارروائی کے دوران نگرانی کیلئے، احتیاطی تدابیر کے طور پر، ڈرونز بھی تعینات کئے گئے تھے۔ سکیورٹی فورسز نے بین الاقوامی سرحد کے ساتھ مشتبہ نقل وحرکت کی خبروں کے بعد سرحدی بیلٹ میں گھر گھر تصدیق کی کارروائی کی۔ کارروائی جاری ہے اور Manguchek، Sadechek، Regal اور Chahwal سمیت بہت سے سرحدی گاؤوں میں تلاشی کی کارروائی کی گئی ہے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔

## J&K Summer Vacation

جموں و کشمیر میں، جموں کی ضلع عدالتوں میں 10 جون سے 24 جون تک 15 دن کی موسمِ گرما کی تعطیل ہوگی۔ کشتواڑ، ڈوڈہ کی ضلع عدالتیں اور رام بَن اور کٹھوا کی خصوصی عدالتیں کھلی رہیں گی۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں و کشمیر اور لداخ کے ہائی کورٹ کے رجسٹرار جنرل کی طرف سے جاری ہدایتوں کے مطابق پرنسپل ضلع اور سیشن جج کے ساتھ ساتھ متعلقہ اضلاع کے چیف جوڈیشیئل مجسٹریٹ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس مدّت کے دوران اپنے اپنے متعلقہ فوری کرمنل کیسوں پر کارروائی کرنے کے انتظامات کریں۔x

## Centre Wheat

ربیع مارکیٹنگ سیزن 25-2024 کے دوران، گندم کی سرکاری خرید، ملک بھر میں بڑی خریداری والی ریاستوں میں سہل طور پر جاری ہے۔ سینٹرل پول میں اِس سال ابھی تک 262 لاکھ میٹرک ٹن، LMT سے زیادہ گندم کی پہلے ہی خریداری کی جاچکی ہے، جو کہ گذشتہ سال کی 262 اعشاریہ زیر دو LMT کی مجموعی سرکاری خرید سے زیادہ ہے۔ صارفین کے امور، خوراک اور عوامی نظامِ تقسیم کی وزارت نے کہا کہ ربیع مارکیٹنگ سیزن کے دوران، مجموعی طور پر 22 اعشاریہ 31 لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے جس میں 59 ہزار 715 کروڑ روپئے مالیت کی مجموعی MSP ادا کی گئی ہے۔ سرکاری خرید میں اہم حصے داری پانچ خریداری کی ریاستوں سے ہوئی ہے۔ ان میں پنجاب، ہریانہ، مدھیہ پردیش، راجستھان اور اترپردیش شامل ہیں۔

چاول کی سرکاری خرید بھی سہل طور پر جاری ہے۔ 728 ایل ایم ٹی دھان، جو کہ 489 اعشاریہ ایک پانچ LMT چاول کے برابر ہے، کی خریداری 98 لاکھ 26 ہزار کسانوں سے ابھی تک براہِ راست کی جاچکی ہے، جس کی مجموعی MSP ایک لاکھ 60 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔x

## Samagam Art Festival

ثقافت کے مرکزی سکریٹری گووند موہن نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ آرٹ اور ثقافت، وکست بھارت بننے کے تئیں بھارت کے سفر میں اہم عنصر ہوگا۔ کل نئی دلّی کے انڈیا Habitat سینٹر میں، سنگم آرٹ فیسٹ نامی چار روزہ فیسٹیول کا افتتاح کرتے ہوئے جناب موہن نے معاشرے میں آرٹ کے کردار اور اِس کی سرپرستی کرنے کی ضرورت کے بارے میں بات چیت کی۔ انھوں نے آرٹ اور ثقافت کے شعبے میں اسٹارٹ اپس کے پہلوؤں کا بھی ذکر کیا۔ سنگم آرٹ فیسٹ 2024 میں آرٹ کی نمائشیں، فلموں کی نمائشیں اور ورکشاپس شامل کی گئی ہیں۔ آرٹ کی نمائش میں ملک بھر سے 46 ابھرتے ہوئے اور سرکردہ آرٹسٹوں کو اجاگر کیا گیا ہے، جس میں فنکارانہ تاثرات اور تکنیکوں کی متنوع وسعت کی نمائش کی گئی ہے۔ یہ فیسٹیول پیر کے روز اختتام پذیر ہوگا۔x

## NSA BSF

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا ہے کہ بھارت تیزی سے بدل رہا ہے اور اگلے 10 سالوں میں

یہ 10 ٹریلین ڈالر کی معیشت ہوگی۔ جناب ڈوبھال آج نئی دلّی کے وِگیان بھون میں سرحدی سکیورٹی فورس BSF کی 21 ویں Investiture تقریب کے موقع پر منعقدہ پروگرام سے خطاب کر رہے تھے اور رُستم جی یادگاری خطبہ دے رہے تھے۔ جناب ڈوبھال نے ملک کی سرحدوں کے تحفظ میں BSF کی کارکردگی کی بھی ستائش کی۔ BSF کے ڈائریکٹر جنرل نِتن اگروال نے کہا کہ BSF ملک کی سرحدوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پیش پیش رہی ہے۔×

## 146 Course of NDA

فوجی عملے کے سربراہ جنرل منوج پانڈے نے آج پُنے کے Khadakwasla میں کھیتر پال پریڈ گراؤنڈ میں نیشنل ڈیفنس اکیڈمی، NDA کے 146ویں کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا جائزہ لیا۔ اس پریڈ میں مجموعی طور پر ایک ہزار 265 کیڈٹس نے شرکت کی جس میں سے 337 کیڈٹس پاسنگ آؤٹ کورس کے تھے۔ اِن میں 199 فوجی کیڈٹس، 38 بحریہ کے کیڈٹس اور 100 فضائیہ کے کیڈٹس شامل ہیں جن میں بھوٹان، تاجکستان، افغانستان، سری لنکا، میانما اور مالدیپ سمیت دوست بیرونی ممالک کے 19 کیڈٹس شامل تھے۔ 24 خاتون کیڈٹس کے ایک دستے نے، جو اس وقت تربیت کے اپنے تیسرے اور چوتھے مرحلے میں ہیں، بھی پریڈ میں شرکت کی۔

پیش ہے ہمارے پُنے کے نمائندے کی ایک رپورٹ ......

اُن تاثرات کو لفظوں میں بیان کرنا بہت مشکل ہے جو اُن 337 کیڈٹس کے والدین کے ذہنوں میں ابھر رہے تھے جنھوں نے ایک آہنگی شعور کے ساتھ 'انتم پگ' پار کیا اور اس پریڈ میں اکیڈمی سے فراغت حاصل کی۔ یہ پروگرام تقریباً ڈیڑھ گھنٹے چلا۔ فوجی سربراہ جنرل منوج پانڈے نے ان والدین کیلئے تعظیم کا اظہار کیا اور کہا کہ انھوں نے ملک کی خدمت کرنے کیلئے اپنے بیٹوں کو وقف کرکے ایک بے نظیر کام انجام دیا ہے۔ یہ 146واں بیچ جون 2021 میں شروع ہوا تھا اور تین سال کی سخت ترین تربیت کے بعد یہ کیڈٹس اب اپنے پری- کمیشن کی تربیتی اکیڈمیوں میں داخل ہوں گے۔ بٹالین کیڈٹ کیپٹن Shobhit گپتا نے مجموعی آرڈر آف میرٹ میں اوّل آنے کیلئے صدارتی گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ اکیڈمی کیڈٹ Adjutant Manik Tarun نے دوسرا مقام حاصل کرنے کیلئے صدارتی چاندی کا تمغہ نیز BCC انّی مہرا نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ پُروقار ''Chiefs of Staff Banner''، پریڈ کے دوران چیمپئن اسکواڈرن بننے کیلئے، گولف اسکواڈرن کو دیا گیا۔آخیر میں، یاد کرنے کی کارروائی میں NDA کے اُن بیشار ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا گیا جنھوں نے بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا اور ملک کی حفاظت کی ہے۔

پُنے سے آکاشوانی نیوز کیلئے منوج Kshirsagar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ............

## Film-FII

فلم اور ٹیلی ویژن کے بھارتی ادارے FTII پُنے کے ایک طالب علم کے ذریعے بنائی گئی ایک فلم نے 77 ویں کانس فلم فیسٹیول میں La Cinef ایوارڈ حاصل کیا ہے۔ FTII کے طالب علم Chidananda نائک نے

Sunflowers were the first ones to know

نامی فلم کی ہدایت کاری کی ہے۔ یہ فلم مشہور کنڑ لوک گیت پر مبنی ہے، جو ایسی بزرگ خاتون کے بارے میں ہے، جو

ایک پالتو مرغ کو چراتی ہے، جس کے بعد سورج طلوع نہیں ہوتا۔ اس فلم کو ٹی وی وِنگ کے FTII کے سال کے آخر میں ہونے والی تال میل والی مشق کے حصے کے طور پرروڈیوس کیا گیا ہے۔x

## Papua New Guinea

پپوا نیو گنی کے دور دراز کے حصے میں آج تودے گرنے کے واقعات میں کم از کم سو افراد کے ہلاک ہونے کی خبر ہے۔ آسٹریلین براڈ کاسٹنگ کارپوریشن نے خبر دی ہے کہ تودے گرنے کے واقعات ملک کے Enga صوبے کے Kaokalam گاؤں میں پیش آئے۔ حالانکہ انتظامیہ نے مرنے والوں کی تعداد کی تصدیق نہیں کی ہے۔ تاہم اندازہ ہے کہ یہ تعداد کہیں زیادہ ہوسکتی ہے۔

پپوا نیو گنی، آسٹریلیا کے شمال میں واقع ایک ترقی پذیر اور متنوع ملک ہے جہاں کسانوں پر مبنی بڑی آبادی میں 800 زبانیں بولی جاتی ہیں۔ دس لاکھ کی آبادی والا ملک پپوا نیو گنی، جنوبی بحرالکاہل میں آسٹریلیا کے بعد دوسرا گنجان آبادی والا ملک ہے۔x

## Wuhan Attracker

چین کے حکام نے آج کہا ہے کہ وسطی چین کے Hubei ریاست میں چاقو سے کیے گئے ایک حملے میں 8 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا۔ Lu نامی 55 سالہ حملہ آور نے جمعرات کی صبح کو Xiaogan شہر کے Xiaowu ٹاؤن شپ میں 8 لوگوں کو چاقو مار کر ہلاک کر دیا، جبکہ ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ زخمی شخص خطرے سے باہر ہے۔ پولیس نے حملہ آور کو گرفتار کر لیا ہے اور پوچھ تاچھ جاری ہے۔x

## Archery

تیراندازی میں بھارت کی جیوتی سریکھا Vennam اور پریانش پر مشتمل بھارت کی کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم جنوبی کوریا کے شہر Yecheon میں عالمی کپ کے مرحلہ دو کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جوڑی نے سیمی فائنل کے سخت مقابلے میں میزبان ملک کی ٹیم کو شکست دی۔ اس کے ساتھ ہی ٹورنامنٹ میں بھارت کا دوسرا میڈل یقینی ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے جیوتی، پرینت کور اور ادیتی سوامی پر مشتمل خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیم بدھ کے روز فائنل میں پہنچی تھی۔

اب سونے کے تمغے کیلئے جیوتی اور پریانش کا مقابلہ کل امریکہ کے Olivia Dean اور Sawyer Sullivan سے ہوگا۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں دو مرتبہ اولمپک تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو آج صبح کوالالمپور میں ملیشیا ماسٹرز کے خواتین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے کوارٹر فائنل میں چین کی Han Yue کو شکست دی۔سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Busanan Ongbamrungphan سے ہوگا۔

البتہ Ashmita Chaliha خواتین سنگلز کے دوسرے کوارٹر فائنل میں چین کی Zhang Yi Man سے ہار گئیں۔×

**IPL**

IPL کرکٹ میں سن رائزر حیدرآباد اور راجستھان رائلز کے درمیان جاری دوسرے کوالیفائر میں سن رائزر حیدرآباد نے جیت کے لیے 176رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ چنئی کے MA چدمبرم اسٹیڈیم میں جاری ہے۔

اس سے پہلے راجستھان رائلز نے ٹاس جیتا اور گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس سے پہلے کولکاتہ نائٹ رائیڈرس، سن رائزر حیدرآباد کو 8 وکٹ سے ہرا کر پہلے ہی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ IPL 2004 کا فائنل مقابلہ اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆